جناب شفیق الدین فاروقی

دار العلوم کے شب و روز

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحانی نتائج میں جامعہ حقانیہ کی امتیازی پوزیشن:

سال ۱۴۲۵ھ بمطابق ۲۰۰۴ء میں منعقدہ وفاق کی طرف سے سالانہ امتحانات میں جامعہ حقانیہ کے پانچ سو ساٹھ (560) طلباء نے مختلف درجات میں شرکت کی۔ الحمدللہ نتائج میں اکثر درجات کے طلباء بہتر پوزیشن سے کامیاب ہوئے۔ بالخصوص درجہ عامہ کے طالب علم محمد کامل بن محمد عاقل نے تمام پاکستان میں ۶۰۰ نمبرات میں ۵۹۱ نمبرات حاصل کر کے دوسری امتیازی پوزیشن حاصل کرلی۔ ادارہ اس خوش بخت طالب علم اور اس کے والدین کو اس عظیم کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہے اور طالب علم موصوف اور تمام طالبانِ علوم دینیہ کی کامیابیوں کیلئے دعاگو ہے۔

دار العلوم میں دورہ تفسیر کی رونقیں:

حسب سابق اس سال بھی دوران تعطیلات دار العلوم حقانیہ میں دورۂ تفسیر قرآنِ کریم کی پُر نور اور روح پرور بہاریں اپنے عروج پر ہیں۔ شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدنی مدظلہ یہ دورہ پڑھا رہے ہیں۔ ملک کے مختلف حصوں (بلکہ پشاور سے لے کر کراچی تک) سے بارہ سو (1200) سے زائد سعادت مند حضرات اس میں شریک ہیں۔ جبکہ FM پر سننے والے لاکھوں خوش قسمت سامعین اس پر مستزاد ہیں۔ اسی طرح مولانا مفتی سیف اللہ صاحب حقانی بھی دورۂ میراث پڑھا رہے ہیں۔ ان روحانی سرگرمیوں کی وجہ سے مدرسہ میں تعطیلات کا احساس نہیں ہوتا۔

فرانسیسی سفارتکاروں کی دار العلوم آمد:

۲۳/ اکتوبر ۲۰۰۴ء بروز ہفتہ فرانسیسی سفارتکاروں اور وزارت خارجہ فرانس کے اہم عہدیداروں کا ایک اہم وفد حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کے لئے تشریف لایا۔ انہوں نے حضرت مولانا مدظلہ سے مختلف عالمی اور ملکی حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور خصوصاً افغانستان کے انتخابات اور عراق، ایران کی صورتحال پر حضرت مولانا مدظلہ کا موقف معلوم کیا۔ مولانا مدظلہ نے ان پر زور دیا کہ حکومت فرانس کو مسلمانوں اور عالم اسلام کے لئے موثر آواز اٹھانی چاہیے اور خصوصاً افغانستان میں فرانس کو ویسے ہی پالیسی اپنانی چاہیے جیسے کہ انہوں نے عراق کے مسئلے پر اپنائی تھی۔ اس طرح مولانا مدظلہ نے ان کو مدارس اور علماء کے ساتھ حکومت کی زیادتیوں پر بھی انہیں آگاہ کیا۔